جموں وکشمیر میں بی جے پی کے لیے زبردست عوامی حمایت: ست شرما

مودی حکومت کے گڈگورننس ماڈل نے جموں وکشمیر میں مثبت تبدیلی لائی ہے: فاروق خان

لازوال ڈیسک

جموں رربھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کو جموں وکشمیر میں زبردست عوامی حمایت حاصل ہو رہی ہے، جہاں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد، بشمول نمایاں سیاسی رہنما، سماجی کارکنان اور نوجوان، بڑی تعداد میں بی جے پی میں شامل ہو رہے ہیں۔ پارٹی میں شمولیت کا یہ سلسلہ روزانہ کی بنیاد پر جاری ہے، جس کی بنیادی وجہ عوام کا وزیر اعظم نریندر مودی کی گڈگورننس سے متاثر ہونا ہے۔ یہ بات جموں وکشمیر بی جے پی کے صدر ست شرما سی اے نے کہی، جب انہوں نے منجاکوٹ کے معروف پہاڑی رہنما فاروق خان کو پارٹی میں شمولیت پر خوش آمدید کہا۔

فاروق خان گزشتہ 22 سال سے نیشنل کانفرنس (این سی) کے ساتھ وابستہ تھے اور یوتھ ونگ کے ضلعی سیکریٹری کے طور پر خدمات انجام دے رہے تھے، تاہم انہوں نے پارٹی چھوڑ کر بی جے پی میں شمولیت اختیار کرلی۔ اس موقع پر بی جے پی کے سینئر رہنماؤں، جن میں سابق نائب وزیر اعلیٰ کویندر گپتا، بی جے پی ریٹرننگ آفیسر راکیش مہاجن، ڈی ڈی سی درہال کے رکن محمد اقبال ملک، کرن سنگھ، رشپال ورما، راجندر سنگھ چب، دلجیت سنگھ اور راکیش پنت شامل تھے، نے ان کا خیر مقدم کیا۔

ست شرما نے کہا کہ جموں و کشمیر کے عوام بڑی تعداد میں بی جے پی کی طرف راغب ہو رہے ہیں کیونکہ انہیں یقین ہے کہ بی جے پی کی پالیسیاں، وزیر اعظم نریندر مودی کے منصوبے اور اسکیمیں عوامی فلاح و بہبود، امن اور ترقی کے لیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ دس سال کے دوران وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں ملک کی ترقی اور عوامی فلاح کے لیے سنجیدہ کوششیں کی گئی ہیں، اور جموں وکشمیر کے عوام اب اس کا عملی مشاہدہ کر رہے ہیں۔

بی جے پی میں شامل ہونے کے بعد فاروق خان نے کہا کہ وہ سمجھتے ہیں کہ مودی حکومت کے گڈگورننس ماڈل نے جموں وکشمیر میں مثبت تبدیلی لائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت کی مختلف فلاحی اسکیموں، جیسے کہ پردھان منتری آواس یوجنا، جل جیون مشن اور انٹرپرینیورشپ پروگرامز نے جموں وکشمیر میں عام لوگوں کی زندگیوں کو نمایاں طور پر بہتر بنایا ہے۔ انہوں نے دفعہ 370 کے خاتمے کو ایک تاریخی فیصلہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس اقدام سے خطے میں سرمایہ کاری میں اضافہ ہوا، انفراسٹرکچر بہتر ہوا، امن بحال ہوا اور نوجوانوں کو مزید مواقع میسر آئے۔

فاروق خان نے پارٹی قیادت کو یقین دلایا کہ وہ بی جے پی کے ”وکست بھارت“ کے وژن کو حقیقت بنانے کے لیے انتھک محنت کریں گے اور جموں و کشمیر کی سماجی و اقتصادی ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔ ڈی ڈی سی درہال کے رکن محمد اقبال ملک نے کہا کہ مودی حکومت نے پہاڑی برادری کے سماجی و سیاسی استحکام کے لیے حقیقی اقدامات کیے ہیں اور انہیں ایس ٹی ریزرویشن دیا ہے، جو کہ اس طبقے کے لیے ایک بڑی کامیابی ہے۔

تہوار اتحاد اور سماجی ہم آہنگی کو فروغ دیتے ہیں: بلبیر رام رتن

کھا بھارت اپنی متنوع روایات اور بھرپور ثقافتی ورثے کے لیے جانا جاتا ہے

جہاں ہر تہوار کو جوش وخروش اور مذہبی عقیدت کے ساتھ منایا جاتا ہے

لازوال ڈیسک

جموں رربھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کے ترجمان اور سابق نائب چیئرمین بلبیر رام رتن نے کہا ہے کہ تہوار نہ صرف خوشی کا ذریعہ ہیں بلکہ مختلف برادریوں کے درمیان اتحاد اور ہم آہنگی کو بھی فروغ دیتے ہیں۔ بھارت اپنی متنوع روایات اور بھرپور ثقافتی ورثے کے لیے جانا جاتا ہے، جہاں ہر تہوار کو جوش وخروش اور مذہبی عقیدت کے ساتھ منایا جاتا ہے۔ بلبیر رام رتن جمعرات کے روز پارٹی کے سینئر کارکنان کے ساتھ تہواروں کی اہمیت پر گفتگو کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ تہوار معاشرتی ڈھانچے کو مضبوط کرتے ہیں اور مختلف مذاہب اور ثقافتوں کے لوگوں کو ایک دوسرے کے قریب لاتے ہیں۔ یہ روایات اور تاریخ کا حصہ ہیں اور نئی نسلوں کو ہمارے ثقافتی ورثے سے جوڑنے میں مدد دیتے ہیں۔

ہولی کے تہوار کی اہمیت پر بات کرتے ہوئے بلبیر رام رتن نے کہا کہ ہولی محض رنگوں کا تہوار نہیں بلکہ یہ نیکی کی بدی پر فتح اور بہار کے آغاز کی علامت ہے۔ اس تہوار کی جڑیں بھگوان وشنو کے بھگت پرہلاد اور ہولیکا کی دیومالائی کہانی سے جڑی ہوئی ہیں، جو اس بات کو ثابت کرتی ہے کہ سچائی اور نیکی ہمیشہ غالب رہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہولی لوگوں کو قریب لانے اور خوشی، محبت اور بھائی چارے کو فروغ دینے کا موقع فراہم کرتی ہے۔ بلبیر رام رتن نے عوام سے اپیل کی کہ وہ ہولی کو اس کی اصل روح کے مطابق منائیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ محض رنگوں میں کھیلنے کا تہوار نہیں بلکہ محبت اور اتحاد کا موقع ہے۔ انہوں نے اس موقع پر ماحولیاتی تحفظ پر بھی زور دیا اور لوگوں کو قدرتی رنگوں کے استعمال اور پانی کے کم سے کم ضیاع کی ترغیب دی۔ انہوں نے کہا کہ تہواروں کو مناتے وقت ہمیں اپنی روایتی اور ثقافتی اقدار کا بھی خیال رکھنا چاہیے تاکہ یہ اپنی اصل روح کے ساتھ نسل در نسل منتقل ہو سکیں۔

بلبیر رام رتن نے کہا کہ تہواروں کو اتحاد، محبت اور مثبت سوچ کے ساتھ منانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنی ثقافت اور روایات کو محفوظ رکھتے ہوئے اپنی آنے والی نسلوں کو یہ پیغام دینا چاہیے کہ تہوار صرف جشن کا ذریعہ نہیں بلکہ معاشرتی ہم آہنگی اور بھائی چارے کے فروغ کے لیے بھی اہم ہیں۔ اس موقع پر بی جے پی کے کارکنان اشوک گاندھی، انجو بھاسن، ہنس راج لوریا، یشپال شیونگوترا، پرشوتم امیت منہاس اور گردھاری لال ڈوگرا بھی موجود تھے۔

ماہ رمضان میں غیر اعلانیہ بجلی کی کٹوتی عوام کے لیے ناقابل برداشت: فاروق احمد خان

سحری اور افطاری کے وقت عوام کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کے لیے ایک مناسب شیڈول تیار کیا جائے

لازوال ڈیسک

منجاکوٹ ررمنجاکوٹ میں کانگریس کے سینئر لیڈر فاروق احمد خان نے ایک اہم پریس کانفرنس سے خطاب کیا، جس میں علاقے کی معزز شخصیات اور شہریوں نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر فاروق احمد خان نے پی ڈی ڈی (بجلی) ڈپارٹمنٹ پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ماہ رمضان میں غیر اعلانیہ بجلی کی کٹوتی عوام کے لیے ناقابل برداشت بن چکی ہے، خاص طور پر سحری اور افطاری کے اوقات میں بجلی کی عدم دستیابی عوامی مشکلات میں مزید اضافہ کر رہی ہے۔

انہوں نے کہا کہ بجلی کی بلاوجہ کٹوتی روزہ داروں کے لیے بڑی پریشانی کا سبب بن رہی ہے اور یہ صورتحال کسی بھی صورت میں قابل قبول نہیں ہے۔ فاروق احمد خان نے سخت لہجے میں متعلقہ حکام کو متنبہ کرتے ہوئے کہا کہ اگر اس مسئلے کو فوری طور پر حل نہیں کیا گیا تو منجاکوٹ کے عوام سڑکوں پر احتجاج کے لیے مجبور ہو جائیں گے، جس کے سنگین نتائج حکومت کو بھی بھگتنا پڑ سکتے ہیں۔ انہوں نے حکام سے مطالبہ کیا کہ سحری اور افطاری کے وقت عوام کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کے لیے ایک مناسب شیڈول تیار کیا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ رمضان کے مقدس مہینے میں عوام کو سہولت فراہم کرنا حکومت اور متعلقہ محکمے کی اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ عوامی حلقوں میں بھی اس مسئلے پر شدید غم وغصہ پایا جا رہا ہے، اور شہریوں نے حکام سے فوری اقدامات کا مطالبہ کیا ہے تاکہ رمضان کے دوران روزہ داروں کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

طالب علموں کی فلاح پر مبنی پالیسیوں کو ترجیح دیں: پروفیسر جاوید اقبال

بی جی ایس بی یو کے وائس چانسلر کی اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت، تعلیمی وانتظامی امور پر غور

لازوال ڈیسک

راجوری ررابا غلام شاہ بادشاہ یونیورسٹی (بی جی ایس بی یو) کے وائس چانسلر پروفیسر جاوید اقبال نے مختلف اسکولوں کے ڈینز، شعبہ جات کے سربراہان (ہوڈز) اور ڈائریکٹرز کے ساتھ ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی، جس میں جامعہ کی مجموعی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے اہم تعلیمی اور انتظامی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس کا بنیادی مقصد تعلیمی معیار کو مزید مستحکم کرنا، نیشنل ایجوکیشن پالیسی (این ای پی) 2020 کے نفاذ کو یقینی بنانا، تحقیق اور جدت کو فروغ دینا اور طلبہ کی فلاح و بہبود کے اقدامات کو بہتر بنانا تھا۔

پروفیسر جاوید اقبال نے ایک مربوط اور اشتراکی حکمت عملی اپنانے پر زور دیتے ہوئے فیکلٹی ممبران کو ہدایت دی کہ وہ طالب علموں کی فلاح پر مبنی پالیسیوں کو ترجیح دیں۔

اجلاس میں نصاب کی ترقی، انفراسٹرکچر میں بہتری، فیکلٹی کی تربیتی پروگراموں، اور صنعت و تعلیمی اداروں کے درمیان روابط کو فروغ دینے کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی گئی۔ وائس چانسلر نے یونیورسٹی کو تعلیمی میدان میں اعلیٰ معیار تک پہنچانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے تمام شعبہ جات کو بین الاقوامی تحقیق اور ہنر پر مبنی تعلیم کو فروغ دینے کے لیے موثر اقدامات کرنے کی ہدایت دی۔

انہوں نے تمام فیکلٹی ممبران کو درپیش چیلنجز کے حل اور ترقی پسند اصلاحات کے نفاذ میں مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

اجلاس میں آئندہ اکیڈمک کونسل اجلاس کی تیاریوں پر بھی غور کیا گیا، اور تمام شعبہ جات کو ہدایت دی گئی کہ وہ تعلیمی اصلاحات اور نصاب میں بہتری سے متعلق اپنی تجاویز بروقت جمع کرائیں۔ اس موقع پر پروفیسر ایم جے وارثی، ڈین اکیڈمک افیئرز بھی موجود تھے، جنہوں نے تعلیمی منصوبہ بندی، نصاب میں اصلاحات، اور نیشنل ایجوکیشن پالیسی (این ای پی) 2020 کے مؤثر نفاذ پر قیمتی تجاویز پیش کیں۔ اجلاس میں کنٹرولر آف ایگزامینیشن، ایسوسی ایٹ ڈینز، مختلف شعبہ جات کے سربراہان، انچارج ڈائریکٹرز، پرنسپلز اور کوآرڈینیٹرز نے شرکت کی۔

بی ڈی او بونجواہ اعجاز بٹ کا بلاک بونجواہ کے ٹیپری اور ماڈل پنچایت نالی کا دورہ

لوگوں کے درپیش مسائل، تعمیراتی کاموں، پردھان منتری اواز یوجنا کے تحت ملے مکان کیسوں کا جائزہ لیا

عاشق حسین وانی

بونجواہ ررکشتواڑ ضلع کا بی ڈی او آفس بونجواہ جو ہمیشہ اس دفتر کی فعال نہ ہونے کی وجہ سے انتظامیہ اور محکمہ آر ڈی ڈی سے ناراض رہتے تھے، حال ہی میں اس دفتر میں مستقل بی ڈی او اعجاز حسین بٹ تعینات ہوئے، جو اس سے پہلے اے سی پی افس کشتواڑ میں تعینات تھے، بونجواہ میں تعیناتی کے بعد عوام نے ان کا گرم خوشی سے استقبال کیا، اور ان سے بلاک افس بونجواہ میں سدھار لانے کی امید جتائی، بلاک ڈیولپمنٹ آفیسر بونجواہ لوگوں کی امیدوں پر پورا اترنے کے لیے مختلف پنچایتوں کا دورہ کر کے لوگوں کے درپیش مسائل کو دیکھ اور سن رہے ہیں۔

اس کے ساتھ ساتھ وہ پنچایتوں میں ہو رہے تعمیراتی کاموں اور پردھان منتری اواز یوجنا سکیم کے تحت ملے مکان کیسوں، منریگا کاموں کا بھی جائزہ لے رہے ہیں، پے ایم اے وائی سکیم کے تحت جن لوگوں کو مکان کیس ملے ہیں ان کو سخت ہدایت دے رہے ہیں کہ جن لوگوں کو پردھان منتری اواز یوجنا تحت سکیم مکان کیس ملے ہیں، وہ اپنے مکان کی تعمیر جلد از جلد مکمل کریں جن لوگوں نے ابھی تک مکان بنانا شروع نہیں کیے ہیں ان میں 119 بینیفشری ہیں جن کو تحصیلدار بونجواہ تیجندر شرما کی طرف سے بھی بذریعہ نمبردار اور چوکیدار نوٹس دی گئی ہے، اس میں سے 13 بینیفیشریز نے اپنے مکانوں کا کام شروع کیا ہے اور 106 ابھی بھی بقایا ہیں، 106 کو بی ڈی او بونجواہ کی طرف سخت ہدایت دی گئی ہے کہ وہ اپنے مکانوں کی تعمیر کا جلد شروع کریں تاکہ ان کی بقاجات رقم وہ گزارہوگی اگر کام شروع نہیں ہوا تو محکمہ ان کو دی ہوئی رقومات بھی واپس لے گا اور تحت قانون سخت کاروائی بھی کرے گا۔

جمعرات کے روز بی ڈی او نے بونجواہ نے باقی پنچایتوں کی طرح پنچایت ٹیپری اور ماڈل پنچایت نالی کا دورہ کیا، دورے کے دوران انہوں نے ماڈل پنچائت میں ہو رہے کاموں کا جائزہ لیا، اور دورے کے دوران لوگوں کو خاص کر کے مین مارکٹ نالی کو صاف ستھرا رکھنے کی ہدایت بھی جاری کی اور صفائی کرم چاری کو وقت پر صفائی کرنے کی ہدایت بھی دی، اور بتایا بار بار بتانے کے بعد عمل نہ کرنے والوں کے خلاف اب چالان بھی ہوں گے، بات چیت کے دوران انہوں نے یہ بھی بتایا کہ عوام بونجواہ کا جو بھی مسئلہ پریشانی اور مشکلات درپیش ہو، وہ افس کا رجوع کریں اور تحریری طور پر اپنی درپیش مسئلے کی شکایت درج کریں، تاکہ میں اس مسئلے کو جلد از جلد حل کر سکوں، جس طرح عوام بونجواہ نے مجھ پر امیدیں جتائی ہیں، اس سے کہیں گناہ زیادہ مجھ کو بھی عوام بونجواہ سے امیدیں وابستہ ہیں، وہ میری بہتری میں اس دفتر کو مکمل فعال بنانے میں اور تمام تعمیراتی و ترقیاتی کاموں میں میرا ساتھ نبھائیں گے۔ تاکہ بونجواہ کی ہر پنچایت میں زیادہ سے زیادہ ترقی ہو اور عوام کو بھی راحت ملے۔

کشتواڑ میں نو گاڑیوں کے پرمٹ معطل، تیس گاڑیاں بلیک لسٹ و دس ڈرائیونگ لائسنس معطل

مسافروں کی حفاظت وسڑک حادثات کی روک تھام ہماری اولین ترجیح ہے: تسلیم وانی

بابر فاروق

کشتواڑ ررا سسٹنٹ ریجنل ٹرانسپورٹ آفیسر کشتواڑ تسلیم وانی نے موٹر وہیکلز ایکٹ 1988 کے سیکشن 86(1) کے تحت نو گاڑیوں کے پرمٹ تین ماہ کے لیے معطل کر دیے، جبکہ سیکشن 19(1)(d) & (f) کے تحت دس ڈرائیونگ لائسنس معطل کیے اور تیس گاڑیوں کو بلیک لسٹ کر دیا۔ یہ کارروائی گاڑیوں کے بار بار ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے اور سنگین ٹریفک خلاف ورزیوں میں ملوث ہونے پر کی گئی ہے۔ اے آر ٹی او کشتواڑ نے کہا کہ یہ گاڑیاں تین ماہ کی معطلی کی مدت کے دوران سڑکوں پر نہیں چل سکیں گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ ڈرائیور مسلسل ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کر رہے تھے جو ناقابل قبول ہے و مسافروں کی حفاظت کے لیے خطرہ ہے۔ اس مہم کا مقصد نہ صرف ان ڈرائیوروں کو خبردار کرنا ہے بلکہ تمام ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کو بھی قوانین پر سختی سے عمل کرنے کی ترغیب دینا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ موٹر وہیکل کشتواڑ، ڈپٹی کمشنر کشتواڑ راجیش کمار شاون کی ہدایات اور ٹرانسپورٹ کمشنر وشیش پال مہاجن کی نگرانی میں مسافروں کی حفاظت، ٹریفک قوانین کے نفاذ اور سڑک حادثات کی روک تھام کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے۔

راجوری شہر کی خوبصورتی کو چار چاند لگیں گے

ایگزیکٹو انجینئر محکمہ تعمیرات عامہ انجینئر سردار خان گجر منڈی چوک میں تزئین کے کام کا لیا جائزہ

شیراز چوہدری

راجوری ررضلع ترقیاتی کمشنر راجوری ابھینک شرما کی ہدایت پر موسپل کونسل راجوری کی حدود میں گجر منڈی چوک کے قریب ایک پک ڈھنڈی بنائی جا رہی ہے۔ اس کام کی نگرانی محکمہ تعمیرات عامہ راجوری کر رہا ہے۔ واضح رہے کہ یہ کام یوم راجوری سے قبل مکمل کرنا ہے۔ محکمہ تعمیرات عامہ کے ایگزیکٹو انجینئر سردار خان نے یہاں کا دورہ کیا اور ٹھیکہ دار کو ہدایت دی کہ معیار کے ساتھ ساتھ وقت رہتے کام کو مکمل کیا جائے۔ اس موقع پر لازوال کے ساتھ خصوصی بات کرتے ہوئے ایگزیکٹو انجینئر راجوری انجینئر سردار خان نے کہا کہ اس کام کے مکمل ہونے سے گجر منڈی چوک کی خوبصورتی میں مزید اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا ضلع ترقیاتی کمشنر راجوری ابھینک شرما کی ہدایت پر یہ کام کیا جا رہا ہے اور اس کام کو راجوری ڈے سے قبل مکمل کر کے راجوری شہر کی عوام کو ایک بڑا تحفہ دیں گے۔ انہوں نے مزید کہا اس طرح کے منصوبوں کے مکمل ہونے سے، جہاں شہر کی خوبصورتی میں اضافہ ہوگا تو وہیں شہر کی عوام کو سیر وتفریح کرنے کے لیے ایک جگہ ملے گی۔ انہوں نے کہا محکمہ کی مکمل نگرانی میں یہ کام ہو رہا ہے۔ اس موقع پر کنٹریکٹر نازک شاہ کے ہمراہ اسسٹنٹ ایگزیکٹو انجینئر محکمہ تعمیرات عامہ راجوری ریاض چوہدری بھی موجود تھے۔